PAKISTAN SPELLING BEE

۲۰۲۵-۲۰۲٦

پاکستان اسپیلنگ بی

# پاکستان اسپیلنگ بی مقابلے کے اصول

ہجّے بیان کرنے کا ضابطۂ کار

اسکورنگ کے قواعد

# پاکستان اسپیلنگ بی :صحیح ہجّے کرنے کا مقابلہ

حروف، اعراب، آوازوں کے نام

ہجّے میں اعراب بیان کرنے کے اصول

ہجّے میں حروف بیان کرنے کے اصول

مارک شیٹ کا نمونہ

نوٹ :مقابلے کی تیاری کے دوران پاکستان اسپیلنگ بی مقابلے کے اصول پڑھنا یاد رکھیے۔

یہ اصول فہرستِ الفاظ کا حصّہ ہیں، اور ہماری ویب سائٹ pakistanspellingbee.com پر بھی پڑھے جا سکتے ہیں۔

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۵-۲۰۲۳۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**پاکستان اسپیلنگ بی مقابلے کے اصول**

پاکستان اسپیلنگ بی میں حصّہ لینے والے تمام طلبہ، ان کے والدین، اساتذہ اور اسکولوں کے منتظمین سے گزارش ہے کہ درجِ ذیل اصولوں کو اچھی طرح پڑھ کر ذہن نشین کر لیں:

۱۔ ہر علاقائی چیمپین شپ کے تین راؤنڈ ہوں گے۔ یہ تینوں راؤنڈ ایک ہی دن منعقد ہوں گے۔

۲۔ دوسرے راؤنڈ کے اختتام پر ہر گریڈ سے سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والی تین ٹیموں کا تیسرے راؤنڈ کے لیے انتخاب ہو گا۔ ان ٹیموں کا دو راؤنڈوں کا مجموعی اسکور سولہ (١٦) یا اس سے زیادہ ہونا چاہیے۔ اگر ان میں سے کسی ٹیم کا مجموعی اسکور سولہ (١٦) سے کم ہوا تو وہ تیسرے راؤنڈ میں حصّہ لینے کی اہل نہیں ہو گی۔

۳۔ پہلے اور دوسرے راؤنڈوں میں ہر ٹیم سے دس الفاظ کے ہجّے پوچھے جائیں گے جن میں پاکستان اسپیلنگ بی کی جاری کردہ فہرستِ الفاظ کے علاوہ کچھ الفاظ ایک پوشیدہ فہرست سے ہوں گے۔

۴۔ پہلے اور دوسرے راؤنڈوں میں پوچھے جانے والے دس الفاظ میں سے سات الفاظ فہرستِ الفاظ سے، اور تین الفاظ پوشیدہ فہرست سے ہوں گے۔

۵۔ پاکستان اسپیلنگ بی کے تیسرے راؤنڈ میں پوچھا جانے والا ہر تیسرا لفظ پوشیدہ فہرست سے ہو گا۔

٦۔ اگر دو یا دو سے زیادہ ٹیموں کے نمبر برابر ہوئے تو ان ٹیموں کے درمیان فیصلہ توڑ کا مقابلہ کروا کر کیا جائے گا۔

۷۔ توڑ کے مقابلوں کا اسکور ٹیموں کے مجموعی اسکور میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

۸۔ مقابلے میں حصّہ لینے والوں کو درست ہجّے اور صحیح ضابطۂ کار دونوں کی بنیاد پر نمبر دیے جائیں گے۔ ضابطۂ کار کی غلطی پر، درست ہجّے ہوتے ہوئے بھی ٹیم کو صفر ملے گا۔

مقابلے کے ضابطۂ کار، اسکورنگ کے قواعد اور دیگر اصولوں کی تفصیلات یہ ہیں:

**ہجّے بیان کرنے کا ضابطۂ کار:**

۱۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں ہجّے بتانے کا طریقہ یہ ہو گا کہ طالبِ علم لفظ کے ہجّے پوچھے جانے پر پہلے مکمّل لفظ ادا کرے گا۔ پھر اس کے ہجّے بتائے گا۔ اور آخر میں مکمل لفظ دہرائے گا۔ اس عمل کو "لفظ دہرائیے- ہجّے کیجیے- لفظ دہرائیے" کا اصول کہا جاتا ہے۔

مثال: استاد: لفظ "خبر" کے ہجّے بتائیں۔

طالب علم: خبر، خے بے رے، خبر

۲۔ راؤنڈ کے شروع ہونے سے پہلے، ہر ٹیم اپنے کسی ایک رکن کو ہجّے کرنے کے لیے نامزد کرے گی جسے راؤنڈ کے دوران بدلا نہیں جا سکے گا۔

۳۔ ہجّے کرنے کے لیے کل چالیس سیکنڈ دیے جائیں گے۔ پہلے بیس سیکنڈ کے دوران:

- ہجّے کرنے والا ٹیم کے دوسرے رکن سے مشورہ کرسکتا ہے۔
- ٹیم کے دونوں رکن اناؤنسر سے لفظ دوہرانے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ اردو مقابلے میں لفظ کے معنی نہیں بتائے جائیں گے۔

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ٢٠٢٣-٢٠٢٥۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

۴۔ پہلے بیس سیکنڈ گذر جانے کے بعد سگنل دیا جائے گا جس کے بعد ہجّے کرنے کے لیے بیس سیکنڈ رہ جائیں گے۔ ان آخری بیس سیکنڈوں کے دوران:
- ٹیم کے ارکان کو آپس میں مشورہ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- ٹیم کے ارکان نہ سوال پوچھ سکتے ہیں اور نہ ہی لفظ کو دوہرانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- ٹیم کا دوسرا رکن لفظ کے ہجّے کرنے کے دوران نہ ہجّے کرنے والے کی تصحیح کر سکتا ہے، نہ اسے ہجّے کرنے کے درمیان روک سکتا ہے، اور نہ ہی اسے کوئی اشارہ کر سکتا ہے۔
- ہجّے کرنے والے کی ٹیم کا دوسرا رکن نہ لفظ کے ہجّے اس کے ساتھ دوہرا سکتا ہے، اور نہ دبی آواز میں پڑھ سکتا ہے۔
۵۔ چالیس سیکنڈ پورے ہونے پر گھنٹی بجے گی جس کے ساتھ ٹیم کے جواب دینے کا وقت ختم ہو جائے گا۔
٦۔ ہجّے کرنے والے کو لفظ کے ہجّے واضح انداز اور اونچی آواز میں کرنے ہوں گے تاکہ اناؤنسر اور جج ہر حرف بہ آسانی سن سکیں۔
۷۔ ہجّے کرنے والا نہ تو ہجّے کو اٹک اٹک کر بیان کر سکتا ہے اور نہ حروف کی ادائیگی کے دوران دوسری آوازوں کو ہجّے میں شامل کر سکتا ہے ورنہ اسے ضابطۂ کار کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا۔
۸۔ لفظ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔
۹۔ ٹیم کے کسی بھی رکن کو الفاظ لکھنے یا ٹائپ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، جب تک کہ پاکستان اسپیلنگ بی کی طرف سے ایسی ہدایت نہ کی جائے۔
۱۰۔ جب ایک بار ہجّے کرنے والا پورا لفظ ہجّے کر دے، چاہے صحیح یا غلط، تو اسے اپنی غلطی ٹھیک کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ مثال: اگر ہجّے کرنے والے سے لفظ "کتاب" کے ہجّے پوچھے جائیں اور وہ غلط ہجّے کرتے ہوئے "ک-ت-ب" ہجّے کرتا ہے تو لفظ کو درست نہیں کیا جا سکتا کیونکہ پورا لفظ غلط طور پر ادا ہو چکا ہے۔ لیکن اگر ہجّے کرنے والے نے غلط ہجّے کرتے ہوئے صرف "گ-ت-ا" بولا ہے، اور آخری حرف ادا نہیں کیا، تو اسے ہجّے درست کرنے کی اجازت ہوگی، لیکن، اس صورت میں "لفظ دہرائیے- ہجّے کیجیے- لفظ دہرائیے" کا عمل ایک بار پھر دہرانا لازم ہو گا۔
۱۱۔ اگر ہجّے کرنے والے نے چالیس سیکنڈ مکمل ہونے سے ذرا پہلے لفظ کے ہجّے کرنا شروع کر دیے ہوں تو اسے اس لفظ کے ہجّے مکمل کرنے کی اجازت ہوگی، لیکن اسے اپنے ہجّے درست کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
۱۲۔ اگر کسی ٹیم کا کسی بیرونی خلل یا گڑبڑ کی وجہ سے چالیس سیکنڈ کا مقررہ وقت ضائع ہو جاتا ہے، تو یا تو اس کو ہجّے کرنے کے لیے اضافی وقت دیا جائے گا، یا ایک نیا لفظ دیا جائے گا اور اسے ہجّے کرنے کے لیے چالیس سیکنڈ مختص کیے جائیں گے۔ اضافی وقت یا نیا لفظ دینے کا فیصلہ اناؤنسر یا جج کی صوابدید پر ہو گا۔
۱۳۔ جہاں ممکن ہو گا وہاں پاکستان اسپیلنگ بی مقابلوں کی آڈیو ریکارڈنگ کی جائے گی جو مقابلہ ہونے کے چوبیس گھنٹے بعد تلف کر دی جائے گی۔
۱۴۔ ہجّے سننے کے بعد اناؤنسر یا جج بتائیں گے کہ ہجّے درست تھے یا غلط۔ اگر کسی لفظ کے ہجّے کے بارے میں شبہ ہو گا تو اسے مقابلے کی آڈیو ریکارڈنگ سن کر دور کیا جائے گا۔

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**اسکورنگ کے قواعد:**

۱۔ اگر ہجّے اور ضابطۂ کار دونوں درست ہیں تو طالب علم کو دو نمبر ملیں گے۔

۲۔ اگر ہجّے درست ہیں اور ضابطۂ کار غلط ہے تو طالب علم کو صفر ملے گا۔

۳۔ اگر ہجّے غلط ہیں اور ضابطۂ کار درست ہے تو طالب علم کو منفی ایک یا مائنس ون ملے گا۔

۴۔ اگر ہجّے اور ضابطۂ کار دونوں غلط ہیں، تو طالب علم کو منفی ایک یا مائنس ون ملے گا۔

۵۔ اگر ہجّے کرنے والا کسی لفظ کے ہجّے نہیں کر پاتا یا کوئی جواب نہیں دیتا، تو اسے منفی ایک یا مائنس ون ملے گا۔

| **اسکورنگ کے قواعد** | |
|---|---|
| درست ہجّے + درست ضابطۂ کار | دو نمبر (2) |
| درست ہجّے + غلط ضابطۂ کار | صفر (0) |
| غلط ہجّے + درست ضابطۂ کار | منفی ایک (1-) |
| غلط ہجّے + غلط ضابطۂ کار | منفی ایک (1-) |
| ہجّے کرنے والے نے جواب نہیں دیا | منفی ایک (1-) |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

## پاکستان اسپیلنگ بی: صحیح ہجّے کرنے کا مقابلہ

اردو میں ہجّے کے باقاعدہ اصول پہلی بار ۲۰۲۳ میں پاکستان اسپیلنگ بی کے لیے ترتیب دیے گئے جنھیں ۲۰۲۴ میں ادارۂ فروغِ قومی زبان (سابقہ مقتدرہ قومی زبان) کی منظور کردہ **سفارشاتِ اردو املا** سے ہم آہنگ کر دیا گیا۔ اس سال ہم نے ان اصولوں کو مزید آسان بنایا ہے اور طلبہ کے لیے چھوٹی یے اور بڑی یے اور نون اور نونِ غنّہ کے ہجّے کا اصول واضح کیا ہے۔

**حروف، اعراب، آوازوں کے نام:**

ہمارے درسی نظام میں کئی حروف، اعراب، اور آوازیں مختلف ناموں سے پڑھائی جاتی ہیں۔ نیچے دی گئی فہرست میں ان کے عام طور پر رائج نام اور وہ نام دیے گئے ہیں جو پاکستان اسپیلنگ بی اردو مقابلے میں تسلیم کیے جائیں گے۔

| حروف، اعراب ، آوازیں | عام طور پر رائج نام | پاکستان اسپیلنگ بی میں رائج نام |
|---|---|---|
| ّ | تشدید / شد / شدّہ | تشدید |
| ً | تنوین / دو زبر | تنوین |
| ٰ | چھوٹا الف، کھڑا زبر، کھڑا الف | کھڑا زبر |
| ٖ | کھڑا زیر | کھڑا زیر |
| آ | الف مدّہ / الف ممدودہ / الف مد/ الف پر مد/ الف مد والا | الف مدّہ |
| ح | ہے / بڑی ہے / ہائے حُطّی | ہے |
| ہ | چھوٹی ہے / گول ہے / ہائے ہَوّز | چھوٹی ہے |
| ض | ضواد / دُواد | ضواد |
| ق | قاف / چھوٹی قاف /نقطوں والی قاف | قاف |
| ک | کاف / بڑا کاف / ڈنڈے والا کاف /مرکز والا کاف / کش والا کاف | کاف |
| و | واو / واؤ | واؤ |
| ؤ | واو پر ہمزہ / واؤ پر ہمزہ | واؤ پر ہمزہ |
| ی | چھوٹی یے / یائے معروف | چھوٹی یے |
| ے | بڑی یے / یائے مجہول | بڑی یے |
| بھ | بھے / بے دو چشمی ہے | بھے |
| پھ | پھے / پے دو چشمی ہے | پھے |
| تھ | تھے / تے دو چشمی ہے | تھے |
| ٹھ | ٹھے / ٹے دو چشمی ہے | ٹھے |
| جھ | جھے / جیم دو چشمی ہے | جھے |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

| حروف، اعراب ، آوازیں | عام طور پر رائج نام | پاکستان اسپیلنگ بی میں رائج نام |
|---|---|---|
| چھ | چھے / چے دو چشمی ہے | چھے |
| دھ | دھے / دال دو چشمی ہے | دھے |
| ڈھ | ڈھے / ڈال دو چشمی ہے | ڈھے |
| رھ | رھے / رے دو چشمی ہے | رھے |
| ڑھ | ڑھے / ڑے دو چشمی ہے | ڑھے |
| کھ | کھے / کاف دو چشمی ہے | کھے |
| گھ | گھے / گاف دو چشمی ہے | گھے |
| لھ | لھ / لام دو چشمی ہے | لھ |
| مھ | مھ / میم دو چشمی ہے | مھ |
| نھ | نھ / نون دو چشمی ہے | نھ |

**ہجّے میں اعراب بیان کرنے کے اصول:**

- پاکستان اسپیلنگ بی میں تیسری سے آٹھویں جماعت تک الفاظ کے ہجّے میں صرف تشدید، تنوین،کھڑے زبر اور کھڑے زیر کی نشان دہی کرنی ضروری ہو گی، باقی اعراب کی نہیں۔
- نویں اور دسویں جماعتوں کے الفاظ کے ہجّے میں تشدید، تنوین،کھڑے زبر اور کھڑے زیر کے علاوہ اضافتِ زیر، اضافتِ ہمزہ اور واوِ عطف کی نشاندہی بھی ضروری ہوگی۔ اگلے صفحات میں ان اصولوں کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کی گئی ہے۔

**۱۔ تشدید**

تشدید کے نشان"ّ" کو "شد" یا "شدّہ" بھی کہا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "تشدید" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| نشان | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ّ | تشدید | جنّت | جیم | نون پر تشدید | تے |
| نوٹ: ہکاری آوازوں میں تشدید کے استعمال کے لیے نمبر ۱۹ دیکھیے۔ | | | | | |

**۲۔ تنوین**

اردو میں عربی کے کچھ الفاظ کے آخر میں دو زبر آتے ہیں، جیسے فوراً، عموماً، اتّفاقاً وغیرہ۔ یہ "تنوین" یا "دو زبر" کہلاتے ہیں ۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "تنوین" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| نشان | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ً | تنوین | فوراً | فے | واؤ | رے | الف پر تنوین |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**۳۔ کھڑا زبر**

اردو میں "کھڑا زبر"، "چھوٹا الف" اور "کھڑا الف" بھی کہلاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "کھڑا زبر" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| نشان | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٰ | کھڑا زبر | اعلیٰ | الف | عین | لام | چھوٹی یے پر کھڑا زبر |

**۴۔ کھڑا زیر**

اردو میں "کھڑا زیر" عربی سے لیے گئے کچھ الفاظ میں استعمال ہوتا ہے، جیسے: بجنسہٖ، بنفسہٖ، بعینہٖ، براسہٖ، بذاتہٖ، بحالہٖ۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں یہ الفاظ کھڑے زیر کے ساتھ تسلیم کیے جائیں گے۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| نشان | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٖ | کھڑا زیر | بجنسہٖ | بے | جیم | نون | سین | چھوٹی ہے | کھڑا زیر |

**ہجّے میں حروف بیان کرنے کے اصول:**

**۵۔ حرف آ**

حرف "آ" کو مختلف ناموں سے پڑھایا جاتا ہے جن میں یہ نام شامل ہیں: "الف مدّہ"، "الف ممدودہ"، "الف مد"،"الف پر مد"، اور"الف مد والا"۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "الف مدّہ" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | |
|---|---|---|---|---|
| آ | الف مدّہ | آگ | الف مدّہ | گاف |

**٦۔ أ( الف پر ہمزہ) والے الفاظ:**

جرأت"، "قرأت" وغیرہ الفاظ پر ہمزہ آئے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | | |
|---|---|---|---|---|
| جرأت | جیم | رے | الف پر ہمزہ | تے |

**۷۔ حرف ح**

حرف "ح" کو مختلف ناموں سے پڑھایا جاتا ہے: "ہے"، "ہائے حُطّی" اور "حلوے والی ہے"۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "ہے" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ح | ہے | حلوا | ہے | لام | واؤ | الف |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**۸۔ حرف ہ**

حرف "ہ" کو مختلف ناموں سے پڑھایا جاتا ہے: "چھوٹی ہے"، "ہائے ہَوّز" اور "گول ہے"۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "چھوٹی ہے" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہ | چھوٹی ہے | ہونا | چھوٹی ہے | واؤ | نون | الف |

**۹۔ حرف ض**

حرف "ض" کو دو مختلف ناموں، "ضواد" اور "دُواد" سے پڑھایا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "ضواد" درست تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ض | ضواد | راضی | رے | الف | ضواد | چھوٹی یے |

**۱۰۔ حرف ق**

حرف "ق" کو مختلف ناموں سے پڑھایا جاتا ہے: "قاف"، "چھوٹی قاف"، "نقطوں والی قاف"۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "قاف" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ق | قاف | قوم | قاف | واؤ | میم |
| نوٹ: اگر مقابلے کے دوران کسی طالب علم کے حرف "ق" کی ادائیگی واضح نہیں ہو تو اس سے پوچھا جائے گا کہ اس کی مراد "قلم والے قاف" سے ہے یا "کتاب والے کاف" سے۔ | | | | | |

**۱۱۔ حرف ک**

حرف "ک" کو مختلف ناموں سے پڑھایا جاتا ہے: "کاف"، "بڑا کاف"، "ڈنڈے والا کاف"، "مرکز والا کاف" اور "کش والا کاف"۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "کاف" تسلیم کیا جائے گا۔ "ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ک | کاف | کام | کاف | الف | میم |
| نوٹ: اگر مقابلے کے دوران کسی طالب علم کے حرف "ک" کی ادائیگی واضح نہیں ہو تو اس سے پوچھا جائے گا کہ اس کی مراد "قلم والے قاف" سے ہے یا "کتاب والے کاف" سے۔ | | | | | |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**۱۲۔ حرف ن اور ں**

حرف "ن" کی اردو میں دو مختلف آوازیں ہیں جن کی مثالیں "نہانا" اور "کنواں" میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ لفظ "نہانا" میں حرف "ن" مکمل طور پر ادا ہوا ہے۔ لفظ "کنواں" میں اس کی آواز کو نونِ غنّہ کہا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں "ن" کی ان دونوں آوازوں کو الگ الگ ناموں سے بیان کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کے اصول یہ ہیں:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ن | نون | نہانا | نون | چھوٹی ہے | الف | نون | الف |
| ں | نونِ غنّہ | کنواں | کاف | نونِ غنّہ | واؤ | الف | نونِ غنّہ |

**نوٹ:** اردو اسپیلنگ بی کی فہرستِ الفاظ میں مثالوں کے ذریعے الفاظ میں نون اور نونِ غنّہ کی نشان دہی کی گئی ہے۔

۔ جن الفاظ میں نونِ غنّہ نقطے کے ساتھ آیا ہے، اُن الفاظ کے سامنے "ں" کی علامت بنا دی گئی ہے۔ اگر اس لفظ میں ایک سے زیادہ نون ہوں تو ان کی ترتیب کی نشان دہی بھی کر دی گئی ہے۔ **(مثلاً: بانٹنا - ں ن)**، جس سے یہ مراد ہے کہ لفظ "بانٹنا "میں پہلے نونِ غنّہ اور بعد میں نون آیا ہے۔ مزید مثالیں:

| |
|---|
| دنگل (ں) |
| آنگن (ں ن) |
| نہیں (ن ں) |

**۱۳۔ حرف و**

حرف "و" کو "واؤ" اور "واو" کے ناموں سے پڑھایا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "واؤ "تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| و | واؤ | وعدہ | واؤ | عین | دال | چھوٹی ہے |

**۱۴۔ ؤ (واؤ پر ہمزہ)**

جن الفاظ میں "واؤ " پر ہمزہ ہوگا ان کے ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے۔

| حرف | نام | لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ؤ | واؤ پر ہمزہ | گاؤں | گاف | الف | واؤ پر ہمزہ | نون غنّہ |

**۱۵۔ حرف ء( ہمزہ)**

ہمزہ اردو کے حروفِ تہجّی میں شامل ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں طلبہ کی آسانی کے لیے ہمزہ کو بیان کرنے کا اصول ذیل میں دی گئی مثالوں سے واضح کیا گیا ہے۔

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

| حرف | نام | لفظ میں استعمال | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ء | ہمزہ | دائرہ | دال | الف | ہمزہ | رے | چھوٹی ہے |
| ء | ہمزہ | کئی | کاف | ہمزہ | چھوٹی یے | | |

**۱۶- حرف ی ( چھوٹی یے)**

حرف "ی" کو "چھوٹی یے" یا "یائے معروف" کہا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "چھوٹی یے" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ میں استعمال | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ی | چھوٹی یے | چیز | چے | چھوٹی یے | زے |

**۱۷- حرف ے (بڑی یے)**

- حرف "ے" کو "بڑی یے" یا "یائے مجہول" کہا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں صرف "بڑی یے" تسلیم کیا جائے گا۔ ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے:

| حرف | نام | لفظ میں استعمال | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ے | بڑی یے | کمرے | کاف | میم | رے | بڑی یے |

- جب حرف "ے" کسی حروف کے شروع یا دو حروف کے درمیان جڑی ہوئی شکل میں آتا ہے تو چھوٹی یے کی طرح اس کے نیچے بھی دو نقطے لگتے ہیں جیسے درج ذیل الفاظ میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ لیکن ہجّے بیان کرتے وقت اسے بڑی یے کہا جائے گا:

| حرف | نام | لفظ میں استعمال | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ے | بڑی یے | ایکا | الف | بڑی یے | کاف | الف |
| ے | بڑی یے | بیلا | بے | بڑی یے | لام | الف |
| ے | بڑی یے | سیب | سین | بڑی یے | بے | |

- جن الفاظ میں بڑی یے نقطوں کے ساتھ ہو، اُن الفاظ کے سامنے "ے" کی علامت بنا دی گئی ہے۔ اگر اس لفظ میں ایک سے زیادہ یے ہوں تو ان کی ترتیب کی نشان دہی بھی کر دی گئی ہے۔ (مثلاً: **پریشانی - ے ی)**، جس سے یہ مراد ہے کہ لفظ "پریشانی" میں پہلے بڑی یے اور بعد میں چھوٹی یے آئی ہے۔ مزید مثالیں:

| |
|---|
| ایکا (ے) |
| جلیبی (ے ی) |
| میٹھے (ی ے) |
| پیچیدگی (ے ی ی) |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

### ۱۸۔ ہکاری آوازیں یا ہائیہ آوازیں (بھ، پھ، تھ)

اردو میں پندرہ ہکاری آوازیں ہیں، جنھیں ہائیہ آوازیں بھی کہا جاتا ہے۔ جن کی فہرست نیچے دی گئی ہے۔ الفاظ میں ہکاری آواز کی پہچان یہ ہے کہ ان میں ب، پ، ت، ٹ، ج، چ، د، ڈ، ر، ڑ، ک، گ، ل، م، اور ن کے بعد "ھ" یعنی "ہائے مخلوط"یا "دو چشمی ہے" آتی ہے : ان ہکاری آوازوں، بھ، پھ، تھ وغیرہ کو ہمارے درسی نظام میں عموماً دو مختلف حروف کے طور پر پڑھایا جاتا ہے۔ مثلاً بھ کے ہجّے "بے، دو چشمی ہے" بتائے جاتے ہیں۔ پاکستان اسپیلنگ بی اردو مقابلے میں صرف "بھ"، "پھ"، "تھ" وغیرہ تسلیم کیے جائیں گے۔ ہکاری آوازوں کی شکل اور ہجّے بیان کرنے کے اصول یہ ہیں:

| آواز | نام | استعمال | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھ | بھے | بھول | بھے | واؤ | | لام | | | |
| پھ | پھے | پھول | پھے | واؤ | | لام | | | |
| تھ | تھے | تھالی | تھے | الف | | لام | چھوٹی یے | | |
| ٹھ | ٹھے | ٹھوکر | ٹھے | واؤ | | کاف | رے | | |
| جھ | جھے | جھولا | جھے | واؤ | | لام | الف | | |
| چھ | چھے | چھان | چھے | الف | | نون | | | |
| دھ | دھے | دھول | دھے | واؤ | | لام | | | |
| ڈھ | ڈھے | ڈھول | ڈھے | واؤ | | لام | | | |
| رھ | رھے | گیارھواں | گاف | چھوٹی یے | الف | رھے | واؤ | الف | نون غنّہ |
| ڑھ | ڑھے | چڑھنا | چے | ڑھے | | نون | الف | | |
| کھ | کھے | کھول | کھے | واؤ | | لام | | | |
| گھ | گھے | گھول | گھے | واؤ | | لام | | | |
| لھ | لھ | دولھا | دال | واؤ | | لھ | الف | | |
| مھ | مھ | کمھار | کاف | مھ | | الف | رے | | |
| نھ | نھ | انھوں | الف | نھ | | واؤ | نون غنّہ | | |

### ۱۹۔ ہکاری آواز تشدید کے ساتھ

عموماً تشدید کی نشان دہی اس حرف کے فوراً بعد ہوتی ہے جس پر تشدید آئی ہو(مثلاً: جنّت جیم - نون پر تشدید۔ تے)۔ لیکن جن الفاظ میں ہکاری آواز تشدید کے ساتھ ہو، ان کے ہجّے بیان کرنے کا اصول یہ ہے کہ تشدید کی نشان دہی ہجّے کے آخر میں ہو گی۔ آگےاس اصول کی ضرورت واضح کی گئی ہے۔

| لفظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کا اصول | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پتّھر | پے | تے | تھے | رے | تے پر تشدید |
| بدّھو | بے | دال | دھے | واؤ | دال پر تشدید |
| ننّھا | نون | نون | نھے | الف | دوسرے نون پر تشدید |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**اساتذہ کے لیے نوٹ:** اوپر دی گئی مثالوں میں ہجّے کرتے وقت اگر تشدید حرف "ت" یا "د" یا "ن" کے بعد بتائی جائے، اور پھر "تھ" یا "دھ" یا "نھ" بتائی جائے تو یہ ظاہر ہو گا کہ حرف "ت" لفظ پتّھر میں، حرف "د" لفظ بدّھو میں اور حرف "ن" لفظ ننّھا میں تین تین مرتبہ آئے ہیں، جو کہ درست نہیں۔ اس لیے اوپر دیا گیا اصول اختیار کیا گیا ہے۔

**۲۰۔ تراکیب اور مرکّب الفاظ کے ہجّے (نویں اور دسویں جماعتوں کے لیے)**

تراکیب اور مرکبات کے ہجّے بغیر وقفے کے بیان کیے جائیں گے۔ اگر کوئی ترکیب میں شامل الفاظ کو الگ الگ ہجّے کر کے بیان کرنا چاہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے، جیسا نیچے دی گئی دوسری مثال میں دکھایا گیا ہے، لیکن آخر میں اسے مکمل ترکیب دہرانی ہو گی۔

| تراکیب/ مرکب الفاظ | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سچ مچ | سین | چے | میم | چے | | |
| سچ مچ | سین | چے | سچ | میم | چے | مچ |

**۲۱۔ تراکیب اضافتِ زیر کے ساتھ**

نورِ نظر، جسمِ خاکی، نگاہِ گرم، وغیرہ ایسی تراکیب ہیں جن میں اضافتِ زیر استعمال ہوئی ہے۔ ہجّے کرتے وقت اس کی نشاندہی کرنی ضروری ہو گی۔ ہجّے بیان کرنے کے اصول یہ ہیں:

| تراکیب | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نورِ نظر | نون | واؤ | رے | اضافتِ زیر | نون | ظوئے | رے |

**۲۲۔ تراکیب اضافتِ ہمزہ کے ساتھ**

شیشۂ دل، گوشۂ باغ، رشتۂ حیات، وغیرہ ایسی تراکیب ہیں جن میں اضافتِ ہمزہ استعمال ہوئی ہے۔ ہجّے کرتے وقت اس کی نشاندہی کرنی ضروری ہو گی۔ ہجّے بیان کرنے کے اصول یہ ہیں:

| تراکیب | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شیشۂ دل | شین | چھوٹی یے | شین | چھوٹی ہے | اضافتِ ہمزہ | دال | لام |

**۲۳۔ تراکیب واوِ عطف کے ساتھ**

سرد و گرم، تر و تازہ، تگ و دَو، وغیرہ ایسی تراکیب ہیں جن میں واوِ عطف استعمال ہوا ہے۔ ہجّے کرتے وقت اس کی نشاندہی کرنی ضروری ہو گی۔ ہجّے بیان کرنے کے اصول یہ ہیں:

| تراکیب | مقابلے میں ہجّے بیان کرنے کے اصول | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سرد و گرم | سین | رے | دال | واوِ عطف | گاف | رے | میم |

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں

**۲۴۔ اردو میں انگریزی سے لیے گئے الفاظ کے ہجّے:**

اردو میں انگریزی سے لیے گئے الفاظ جیسے "اسکول" اور "اسپتال" وغیرہ کو مختلف ہجّے سے لکھا جاتا ہے۔ پاکستان اسپیلنگ بی میں درجِ ذیل ہجّے تسلیم کیے جائیں گے:

| انگریزی لفظ | پاکستان اسپیلنگ بی میں رائج ہجّے |
|---|---|
| SCHOOL | اسکول، سکول |
| HOSPITAL | اسپتال، ہسپتال |
| SPORTS | اسپورٹس، سپورٹس |
| STREET | اسٹریٹ، سٹریٹ |
| STORE | اسٹور، سٹور |

ختم شد

کاپی رائٹ © اسٹوری کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ ۲۰۲۳-۲۰۲۵۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں